این ٹی اسٹرائیک نے ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز جیت لی۔

- فائنل میں پاکستان شاہینز کو 46 رنز سے شکست۔ جیک ووڈ کی سنچری۔

ڈارون (آسٹریلیا) 6 اگست، 2023:

این ٹی (ناردن ٹیریٹری) اسٹرائیک نے ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فائنل میں پاکستان شاہینز کو 46 رنز سے شکست دیدی۔

اس میچ کی خاص بات این ٹی اسٹرائیک کے جیک ووڈ کی شاندار سنچری تھی جنہوں نے 5 چھکوں اور 8 چوکوں کی مدد سے صرف 59 گیندوں پر 101 رنز اسکور کیے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔

یاد رہے کہ چھ ٹیموں کے اس ٹورنامنٹ میں این ٹی اسٹرائیک نے اپنے تمام چھ میچوں میں کامیابی حاصل کی۔

پاکستان شاہینز نے فائنل سے قبل پانچ میں سے چار میچ جیتے تھے۔ اتفاق سے اسے اپنے پہلے میچ میں این ٹی اسٹرائیک ہی نے 59 رنز سے ہرایا تھا۔

اتوار کو ڈارون میں کھیلے گئے فائنل میں این ٹی اسٹرائیک نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ اور 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 185 رنز بنائے۔

جواب میں پاکستان شاہینز 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 139 رنز بنا سکی۔

این اسٹرائیک کی پہلی وکٹ اگرچہ صرف 16 رنز پر گر گئی تھی لیکن اس کے بعد جیک ووڈ اور جیسن سانگھا نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 71 رنز کا اضافہ کیا۔ سانگھا تین چھکوں اور ایک چوکے کی مدد سے 33 رنز بنا کر احمد منہاس کی وکٹ بنے لیکن جیک ووڈ کسی بھی بولر کے قابو میں نہ آئے اور انہوں نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے سنچری مکمل کی۔ انہوں نے فیصل اکرم کے ایک اوور میں دو چھکے اور دو چوکے لگائے۔ وہ اننگز کے اختتام پر 101 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

59 گیندوں پر مشتمل اس جارحانہ اننگز میں 5 چھکے اور 8 چوکے شامل تھے۔

جیک ووڈ اس سیریز میں سب سے زیادہ 227 رنز بنا کر سرفہرست رہے۔

پاکستان شاہینز کو اننگز کے پہلے ہی اوور میں شاویز عرفان کا نقصان اٹھانا پڑا جو صرف 5 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ وقفے وقفے سے گرنے والی وکٹوں کی وجہ سے پاکستان شاہینز کی میچ پر گرفت کمزور ہوتی چلی گئی۔ کپتان روحیل نذیر 5 وہاج ریاض 4 شامل حسین 23 اور عرفان خان 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو اسکور 5 وکٹوں پر صرف 72 رنز تھا۔

عرفات منہاس 41 رنز کے ساتھ پاکستان شاہینز کے ٹاپ اسکورر رہے جس میں دو چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔

این ٹی اسٹرائیک کی طرف سے براڈی سائمنز نے 16 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز اب 8 اگست کو پاپوا نیو گنی کے خلاف اور 9 اگست کو این ٹی اسٹرائیک کے خلاف پچاس اوورز کا میچ کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

این ٹی اسٹرائیک۔185 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) جیک ووڈ 101 ناٹ آؤٹ۔ جیسن سانگھا 33۔

پاکستان شاہینز۔139 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) عرفات منہاس 41۔ محمد عرفان خان 24۔ شامل حسین 23
۔براڈی سائمنز 16/3 وکٹ۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia